اے وی ایم کا تحفہ

باپ بیٹی

اداکار • اشوک کمار، مشیاما، جیترا، بالراج وغیرہ
گانے • محمد رفیع اور لتا منگیشکر

رتن اینڈ کو بک سیلرز • دریبہ کلاں دہلی نمبر ۶

قیمت ۱۰ نئے پیسے

گانے

نرملا

میں تو جاؤں نہ جمنا کنارے ٭ وہاں رہتا ہے اک جادوگر۔
آتی جاتی پہ جادو ڈارے ٭ میں تو . . .
ہونٹوں پہ جب جب وہ مرلی لگائے ٭ جمنا کی اک اک لہر رک جائے
سکھی ری پھر تو ہی بتا۔ دل کیسے ٭ کوئی ہارے۔ میں تو . . .
کتنا ہی کوئی سمجھا کر روکے ٭ وہ بانسری کی دھن میں وہ کھوئے
سکھی ری کوئی بس نہ چلے جب موہن کی مرلی پکارے۔
میں تو جاؤں نہ . . .

منسٹر۔ بول بول بول بول مائی ڈیئر ڈ د
دل میرا پوچھتا ہے ہوم ڈ یو لو؟
مجھ سے جو پیار ہے تو ڈیر پلیز ٹیل ٭ باجے گی کب ویڈنگ بیل؟
پلیز ٹیل می شیلا۔
گھل مل گھل مل ہی جا ٭ شرم نہ کر اب گھل ہی جا
مرضی جو ہے تیری کہہ دے ہاں ٭ صاف صاف ورنہ کہہ دے نا
گم سم گم سم کیوں کھڑی ٭ سوچ ہے تجھ کو کیا پڑی؟
لایا ہوں اک دل ٭ لے نہ لے ٭ منہ سے لیں یا نہ تو دے۔
تجھ کو کبھی مجھ سا نوجواں۔ مل نہ سکے گا مہرباں
اور نہ کوئی تجھے چانس ملے ٭ اچھا سنہرا جانس ملے

نمبر ۲ - موری پائل گیت سنائے، دن پی سے مل کے آئے
کہ من مورا جھوم جھوم سا ست وارا!

پریت کی بگیا مہکی مہکی، چال جیوں میں بہکی بہکی،
حیا گھبرائے شرمائے کبھی کہ من مورا جھوم جھوم سا متوارا

ساجن آئے مورے دوارے۔ جھک گئے نین لاج کے مارے
کبھی گھبراؤں سکھی۔ کبھی مسکاؤں سکھی کہ من مورا...
سپنوں میں جو درس دکھا کے چھپ جاتے تھے آنکھ چرا کے
سکھی وہ آ ہی گئے، درس دکھلا ہی گئے کہ من مورا...

نمبر ۱۰۔ کورس
جنک جنک مری بنک بنک اری لیک لیک تیا
جلی جنک جنک گوری منک منک اری بنک بنک تیا
اونچی نیچی راہیں یہ پیار کے رستے ٹیڑھے ڈھولا
میں گھبراؤں یہ ظالم دنیا چھیڑے ڈھولا
کہ جلے کٹے طعنے مجھے دیتے ہیں دنیا والے ڈھولا
کہ میں تو پھر بھی دل کروں گی تیرے حوالے ڈھولا
کہ جب سے باندھا تیرے دامن میں یہ پلا ڈھولا
کہ پڑ گیا پیچھے تب سے یہ سارا محلہ ڈھولا
یہ ز ہری دنیا چاہے جان سے کیوں نہ مار ڈالے ڈھولا
کہ پھر بھی تو دل تیرا ہی نام پکارے ڈھولا
کہ منس کے باندھی میں نے پیار کی تجھ سے ڈوری ڈھولا

نہ ڈاکہ ڈالا نہ کی ہے چوری ڈسوالا
نمبر (۵) حق مانگتے ہیں اپنے پسینہ کا تو ادھیکار ہمیں بھی ہے جینے کا
تم لاکھ امیر دن دُشمنیاں کرو ہم دیکھیں تمہیں کب جلتے ہیں
مانا ہیں تمہارے محلوں کے لیکن کتنے غم پلتے ہیں
دیکھیو تو نظارہ آگے کا ابھی غم کھانے آنسو پینے کا
محنت پہ ہماری ہی تم نے پستیش محل ہے کھڑا کیا
تم جنکو چھوٹا کہتے ہو ان چھوٹوں نے تم کو بڑا کیا
کیوں سال کے پیچھے بیت ہے بولو ایک مہینے کا؟
تم خود بھی جیو اور جینے دو یہ مانگ ہی مزدوروں کی
شعلہ نہ کہیں بن کے بھڑکے اب تک جو دھواں ہے سینے کا
نمبر (۶) سمن۔ میرے دل میں آنے والے
مجھ کو پیار سکھانے والے
شیلا۔ میٹھے بات بنانے والے میری نیند چرانے والے
میرے دل کی طرف سے مینی مینی تھینکس
سمن۔ تیری زلفوں کے ناگ مجھے ڈس گئے
شیلا۔ میرے خوابوں میں تم بھی بس گئے
سمن۔ ابھی ہم تم سے تم ہم سے پھنس گئے
شیلا۔ جادو نظروں کا دل پہ ہو گیا۔
سمن۔ ایک جھٹکی میں پہلو سے کھو گیا
شیلا۔ چلو اچھا ہوا جو بھی ہو گیا۔

شیلا۔ جو اچھا ہوا جو بھی ہو گیا۔
موہن۔ ہم تو سوچتے ہیں دنیا میں پیار کے
شیلا۔ ہم بھی بیٹھے ہوئے ہیں دل ہار کے
موہن۔ تو آجاؤ ہو جائیں وعدے اقرار کے
نمبر۔ دل انکو اٹھا کے دیدیا۔ کچھ گھبرا کے کچھ شرما کے
اب ہم سوچتے ہیں یہ کیا کیا؟ کچھ۔۔
یہ کس سے جا ساتھ، دل پکارا جسے تھا ساتھ
مل بھی گئی نظر۔ ہو چکا تھا اثر
نام ان کا ان ہی نے لے لیا کچھ گھبرا کے۔۔
زندگی میں کوئی آ گیا، پیار کا راز سمجھا گیا
ان کے ہو ہی گئے ہم تو کھو ہی گئے۔
جانے جادو یہ کیا کیا، دل انکو اٹھا کے دیدیا۔ کچھ۔۔۔
نمبر (۲)۔ سوچے کوئی لاکھ باتیں سوچے انسان
ہو گی وہی پوری جسے چاہے بھگوان
ہونی کے ہاتھ میں تو اک کھلونا ہے
(۲) نے جو سوچ لیا بس وہی ہونا ہے
تجھ کو گرائے وہی تجھ کو اٹھائے وہی
بے بس تو ہے نادان ____
جو کچھ بھی ہے سب اس کا تماشا ہے
آشا کہیں یہ ہے تو کہیں یہ نراشا ہے

رکھے ادھورے کبھی اگر جی دے پورے کبھی
جس کے وہ چاہے ارمان ...
(تمام شد)